بحسب لسان فن الحدیث واهله واما اکابر
اهل الطریق فهم علی بینة من ربهم فی
النفی والاثبات فاذا اثبتوا شیئا او
جزموا به فهو موافق للواقع انتهی فان قلت
الحکم بالارسال ومثله ضرب من الجرح
وبالاتصال ونحوه نوع من التعدیل و
فی روایة لابی داود
الجرح مقدم علیه قلت ذلک فیما اذا کان
الجرح ثابتا مفسر السبب والا فلا یقبل
الجرح حققه العلماء فی الاصول ولا شک
ان من جرح بالارسال وقدح فی الاتصال
لم یات ببرهان قاطع فی سببه بل مبناه علی
العدم الاصلی فلا یقبل لان الاعتبار
لمزید العلم وهو الموجب لتقدیم الجرح
وذلک فی الوصل ثم علم من قول الامام
السیوطی رحمه الله ولکنه بعد صحح سماعه و
صححه ان من انکر السماع واسند الی شیخ
المحدثین شهاب الدین ابن الحجر العسقلانی
قدس الله سره فلم یشرف بقوله الاخیر فی قط
بل وقف علی قوله الاول المرجوع عنه

خوافی سے اور مثبت منفی پر مقدم بھی ہوتا ہے تو
تلقین ذکر کی سند کی وصل نہایت صحیح ہوگی حسب
قواعد علم حدیث و اہل حدیث کے لیکن اکابر اس
طریق کے دلیل پر ہیں اپنے رب کے نفی و اثبات
میں پس کسی چیز کو اونھوں نے ثابت کیا اور لازم
کیا تو وہ واقع کے موافق ہے انتہے پس اگر تو یہہ
کہے کہ ارسال و اسکے مثل کا حکم ایک قسم کی جرح ہے
اور اتصال و غیرہ کا حکم تعدیل سے اور جرح تعدیل پر
مقدم ہے۔ میں کہونگا کہ یہہ اوسوقت ہے جبکہ
جرح ثابت مفسر السبب ہو نہیں تو وہ جرح قبول
بھی نہیں کیجاویگی۔ جیسا کہ علما نے اصول میں اسکو
ثابت کیا ہے اور اسمیں کچھ بھی شک نہیں ہو کہ جنھوں
نے ارسال کی جرح کی ہے اور اتصال میں قدح کی تو وہ کوئی
دلیل قاطع اسکے سبب میں نہیں لائے بلکہ اونکی بنا عدم اصلی
پر ہے اور وہ قابل قبول نہیں کیونکہ مزید علم کا اعتبار ہے
اور وہ تقدیم جرح کی موجب ہے اور یہہ وصل میں بھی پایا جاتا
ہے۔ پھر امام سیوطی کے قول سے معلوم ہوا کہ ابن حجر نے
بعد میں سماع کو ترجیح دی اور اسکو صحیح کیا پھر جنھوں نے
سماع کی انکار کی نسبت شیخ المحدثین شہاب الدین ابن
حجر عسقلانی قدس الله سره کیطرف منسوب کیا ہے اونسنے
انکے اخیر کو نہیں دیکھا ہے قول مرجوع عنہ کو دیکھکر کہا ہے

۵ وفیه تعریض علی السخاوی والقسطلانی و ابن عراق وملا علی القاری والعجلونی والسمهودی ومن سلک نحوهم ازاله صاحب القرة محمد ابو الحسنات عفا عنه

فقط وظهر من قول العلامة الكردي في
هذا المختصر لسان فن الحديث واهله ان ما قيل من
ان الصوفية يقولون تلقن الحسن الذكر من
علي ولا اصل له ليس بشئ ذات الشيخ المحدث
المتقن والشيوخ المحدثين الذين اسند
الحديث من طريقهم رحمهم الله رحمهم

باب في الاحاديث واتصالها

قال الامام احمد في مسنده حدثنا هشيم
قال اخبرنا يونس عن الحسن عن علي قال سمعت
رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول
رفع القلم عن ثلاثة عن الصغير حتى يبلغ
وعن النائم حتى يستيقظ وعن المصاب
حتى يكشف عنه وقال حدثني بهز
حدثنا عفان قالا حدثنا همام عن قتادة
الحسن عن علي ان النبي صلى الله عليه
وآله وسلم قال رفع القلم عن ثلاثة
عن النائم حتى يستيقظ وعن المعتوه
او قال المجنون حتى يعقل وعن الصغير
حتى يشب وقال الامام محمد بن عيسى
الترمذي في جامعه حدثنا محمد بن
يحيى القطعي البصري ثنا بشر بن عمر ثنا همام

اور علامہ کردی کے قول سے یہ بات ظاہر ہوئی کہ یہ حسب قواعد
حدیث و اہل حدیث کے ہے یعنی جو یہ کہا گیا ہے (القرہ میں) کہ
صوفیہ کہتے ہیں حسن نے علی سے ذکر کی تعلیم پائی اسکی کوئی
اصلیت نہیں ہے سو یہ قول محض پوچ ہے کیونکہ یہ شیخ
محدث متقن ہیں اور شیوخ محدثین نے بھی حدیث
کو انکے طریق سے روایت کی ہے اللہ روح کو [illegible]

باب احادیث میں اور اسکی اتصال میں

حسن بصری سے امام حنبل نے اپنی مسند میں کہا ہے حدیث
بیان کی ہمسے ہشیم نے کہا کہ ہمکو یونس نے خبر دی حسن سے
انھوں نے علی سے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلعم سے سنا فرماتے
تھے کہ تین شخصوں سے قلم (گناہ لکھنے کا) اوٹھا لیا گیا ہے لڑکے
سے جب تک وہ جوان نہ ہو اور سونیوالے سے جب تک وہ نہ جاگے
اور مصیبت والے سے جب تک اسکی مصیبت دور ہو اور کہا
مجھ سے حدیث کی بہز اور عفان نے دونوں نے کہا کہ ہمسے ہمام نے
حدیث کی انھوں نے قتادہ سے انھوں نے حسن سے انھوں
نے علی سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین شخصوں سے
قلم اوٹھا لیا گیا ہے سونیوالے سے کہ وہ جاگے معتوہ یا مجنون
سے کہ وہ ہوش والا ہو لڑکے سے کہ وہ جوان ہو اور امام محمد بن
عیسے ترمذی نے اپنے جامع میں کہا کہ ہمسے حدیث
بیان کی محمد بن یحیے قطعی بصری نے کہا کہ مجھسے
حدیث کی بشر بن عمر نے انھوں نے کہا کہ ہمسے

عن قتادة عن الحسن عن علی کرم الله وجهه عن رسول الله صلی الله علیه واله وسلم
قال رفع القلم عن ثلثة عن النائم
حتی یستیقظ وعن الصبی حتی یشیب
وعن المعتوه حتی یعقل قال ابو عیسے
حدیث علی رضی الله تعالی عنه حسن
غریب فی هذا الوجه وقد روی من
غیر وجه عن علی عن النبی صلی الله علیه
واله وسلم ولا نعرف للحسن سماعًا
من علی بن ابی طالب رضی الله عنه
وقال الامام الحافظ السیوطی فی
الاتحاف واخرجه النسائی و
الحاکم وصححه الضیاء المقدسی فی
المختارة فاعلم ان هذا الحدیث متصل
علی مذهب الامام احمد فانه معنعن
وکل معنعن متصل عند الجمهور
اذا خلی من شبهة التدلیس وههنا
قد زالت ماصححه به الحاکم والضیاء
لشبهة التدلیس بما قال ابن حبان فی الثقات
ذکر الامام الحافظ ابو بکر الخطیب فی
الکفایه بسنده الی ابی داؤد قال سمعت
احمد و قیل له ان رجلا قال عن عروة

حدیث کی ہمام نے قتادہ سے او نھون نے حسن سے
او نھون نے علی کرم اللہ وجہہ سے او نھون نے رسول اللہ
صلعم سے فرمایا کہ تین شخصون سے قلم اوٹھا لیا گیا ہے سوتے ہوئے
سے جب تک کہ وہ نہ جاگے اور لڑکے سے جب تک کہ وہ نہ جوان ہو
اور معتوہ سے جب تک کہ نہ سمجھدار ہو ابو عیسے نے کہا کہ
حدیث علی رضی اللہ عنہ کی حسن غریب ہی اس وجہ
سے اور تحقیق روایت کیگئی ہی یہہ حدیث نبی صلے اللہ
علیہ وسلم سے دوسری وجہ سے بھی اور حسن بصری کا
سماع علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے ہم نہیں جانتے
ہین اور امام حافظ سیوطی نے اتحاف مین
کہاہے کہ اسکو نسائی اور حاکم نے روایت کیا ہے
اور حاکم نے صحیح کہاہی اور نیز مقدسی نے مختارہ
مین روایت کیا ہے پس توجان لے اسکو کہ یہہ حدیث
مذہب امام حنبل کے موافق متصل ہے کیونکہ یہہ
معنعن ہے اور کل معنعن جمہور کے نزدیک
جبکہ تدلیس کے شبہہ سے خالی ہو متصل ہے
اور یہان بوجہ حاکم کی تصحیح کے (تدلیس کا شبہہ)
زائل ہے اور امام ابو حافظ ابوبکر خطیب نے کفایہ
مین اپنی سند سے ابو داؤد تک نقل کیا کہا احمد
سے مین نے سنا کہ اون سے ایک شخص نے
پوچھا عن عروة ان عائشة قالت

ملے قال الشارح و وجدت فی نسخة والنکات قد ادرک ونقد انقطاعه شارح الترمذی حبیب شاه نقال لعبده ولا نفی انه لا ینبغی من عدم معرفة عدم وجوده حقیقة نقد عزو النسائی ... ۱۲ شرح

ان عائشة قالت یارسول الله وعن عروة
عن عائشة سواء قال کیف هذا سواء
سواء قالوا فانما فرق احمد بین
اللفظین لان عروة فی اللفظ الاول
لم یسند ذلك الی عائشة ولا ادرك
القصة وکانت مرسلة واما اللفظ الثانی
فاسند ذلك بالعنعنة وکانت متصلة
وکذا هو متصل علی مذهب الترمذی
لانه اما ان یکتفی فی الاتصال بالمعاصرة
کالجمهور او یشترط اللقاء لبعضهم وکلاهما
ثابت عنده کغیره ولیس یشترط ان یکون
الراوی معروفا بالسماع ممن روی عنه و
قوله لا نعرف للحسن سماعا من علی رضی الله عنه
یعنی بوجه صریح انما قاله افادة علی عادته
ومن اجل التدلیس وکذا قول القاضی
ابی بکر بن العربی فی شرح الترمذی
قد ادرك الحسن علیا مسنا ولکن لا نعلم
سماعه منه وکذا هو متصل علی
مذهب الامام مسلم فانه یکتفی فی
الاتصال بالمعاصرة وقد بالغ فی الرد و
الانکار علی من خالف مذهبه هذا وقد نزل...

قالت یارسول الله وعن عروة عن عائشة
برابر ہے کہا کیونکر یہ برابر ہوگا محدثین نے کہا
کہ احمد نے دونوں لفظوں مین فرق کیا ہے کیونکہ
عروہ نے پہلی روایت مین عائشہ کی طرف سند
نکی اور قصے کو پایا پس مرسل ہوگا اور دوسری
روایت مین عن عن کے ساتھ سند کی پس
(بسبب زوال تدلیس کے) متصل ہوگی اور یہی
یہ روایت ترمذی کے مذہب پر بھی متصل ہے کیونکہ
اونھون نے صرف معاصرت پر اکتفا کیا ہے جیسا کہ جمہور
کا مذہب ہے یا لقا بھی شرط ہے جیسا کہ بعض کا مسلک
ہے اور یہ دونون اونکے نزدیک ثابت ہے
جیسا کہ اونکے غیر کے نزدیک ثابت ہے اور یہ شرط
نہین ہے کہ راوی جس سے روایت کرے اوسکے سماع کے
ساتھ مشہور ہو۔ اور ترمذی کا یہ کہنا کہ ہم اونکے سماع کو علی رضی سے
نہین جانتے ہین مطلب یہ ہے کہ صریح طور سے اور اسکو اپنی عادت
کے موافق تدلیس کے افادہ سے کہا ہے اور ایسا ہی قاضی ابوبکر بن
عربی کا قول شرح ترمذی مین کہ حسن نے حضرت علی رضی سے
کو پایا مگر ہم اونکے سماع کو نہین جانتا ہے اور ایسا ہی یہ حدیث
متصل ہے امام مسلم کے مذہب پر کیونکہ اونھون نے
اتصال کو صرف معاصرت پر بس کیا ہے اور جو اسکے
مخالف ہین اونکے رد و انکار مین مبالغہ کیا ہے اور ہم بہتر

نورد ذلك وان افضى الى اطالة فهو حسنة
قال في مقدمة صحيحه قد تكلم بعض منتحلي
الحديث من اهل عصرنا في تصحيح الاسانيد
وتسقيمها بقول لو ضربنا عن حكايته
وذكر فساده صفحا لكان رايا متينا ومذهبا
صحيحا اذ الاعراض عن القول المطرح
احرى لاماتته واخمال ذكر قائله واجدر
ان لا يكون ذلك تنبيها للجهال عليه
غير انا لما تخوفنا من شرور العواقب واغترار
الجهلة بمحدثات الامور واسراعهم
الى اعتقاد خطاء المخطئين والاقوال
الساقطة عند العلماء رأينا الكشف عن
فساد قوله ورد مقالته بقدر ما يليق بها
من الرد اجدى على الانام واحمد للعاقبة
انتهى
فيه انشاء الله تعالى وزعم القائل الذي
افتتحنا الكلام على الحكاية عن قوله
والاخبار عن سوء رويته ان كل اسناد
لحديث فيه فلان عن فلان وقد احاط
العلم بانهما قد كانا في عصر واحد
وجائز ان يكون الحديث الذي روى الراوي
عمن روى عنه قد سمعه منه وشافهه به

قوله المراد منه البخاري ۱۲

من

سمجھتے ہیں اوسکو باوجود طول ہونیکے نقل
کرین کہا مسلم نے مقدمہ صحیح مسلم مین کہ بعض حدیث
کے عامل نے میرے زمانہ کے (اس سے بخاری مراد ہین)
اسانید کی صحت وضعف مین کلام کیا ہے اوسکے
مقولہ کو بیان کرین اور اوسکے نقص کو بھی بیان
کردین تو وہ رائے متین اور مذہب صحیح ہوگا کیونکہ قول
باطل سے اعراض کرنا زیادہ لائق ہو اوسکے نیست
کرنے اور اوسکے قائل کے چھوڑنے سے اور زیادہ
مناسب ہے کہ اوسکے قول جہال پر تنبیہ نہ ہو چونکہ ہم انجام
سے ڈرتے ہین کہ جاہلون کے لئے بدعات کے کامون
مین غرہ ہوگا اور خاطی کی غلط اعتقاد کے لئے جلد
ذہن نشین ہونیوالا ہے لہذا ہمنے اس قول کے بعض
اظہار کو اور اون اقوال کے لئے جو علماء کے نزدیک
ساقط ہین اور اس کلام کے رد کو بقدر طاقت زیادہ
لائق ونسب سمجھا ہم مخلوق کا اس مین فائدہ ہے اور انجام
مین خدا ان شاء اللہ ہمین دیکھتے ہین اور اوس قائل نے
جسکے کلام کو ہمنے بعد حکایت اوسکے قول کے اور اوسکی بری دیہ کی خبر دینا
اوسنے گمان کیا ہے کہ جس حدیث کی اسناد مین فلان عن فلان ہو اور اس
بات کا علم ہو کہ یہ دونون ایک زمانہ مین تھے تو جائز ہو کہ اوس
حدیث کو راوی نے اوسکو دیکھا ہو اور روایت کی ہو جسکے
سماع کا ہمکو علم نہین ہے اور نہ کسی روایت مین ہمکو

غیر انه لا نعلم له منه سماعا ولم نجد فی
شیء من الروایات انهما التقیا قط او تشافها
بحدیث ان الحجة لا تقوم عنده بکل خبر جاء
هذا المجیء حتی یکون عنده العلم بانهما
قد اجتمعا من دهرهما مرة فصاعدا او تشافها
بالحدیث بینهما او یرد خبر فیه بیان اجتماعهما
وتلاقیهما مرة من دهرهما فما فوقها فان لم یکن
عنده علم ذلك ولم تأت روایة صحیحة
تخبر ان هذا الراوی عن صاحبه قد لقیه مرة
وسمع منه شیئا لم یکن فی نقله الخبر
عمن روی عنه علم ذلك والامر کما
وصفنا حجة وکان الخبر عنده موقوفا
حتی یرد علیه سماعه منه لشیء من
الحدیث قل او کثر فی روایة مثل ما ورد
وهذا القول یرحمك الله فی الطعن فی
الاسانید قول مخترع مستحدث
غیر مسبوق صاحبه الیه ولا مساعد له
من اهل العلم علیه وذلك ان القول
الشائع المتفق علیه بین اهل العلم
بالاخبار والروایات قدیما وحدیثا ان کل
رجل ثقة روی عن مثله حدیثا

پاتے ہین کہ دونون کبھی ملے اور روایت کی
بات یہ ہو کہ اس قائل کے نزدیک ایسی روایتون سے
حجت نہ قائم ہوگی جب تک کہ اس بات کا علم
اوسکو نہ ہو کہ مدت تک ایکبار یا چند بار ایک جگہ رہے ہین
یا باخود ہا ہین حدیث کی روایت کی یا کوئی خبر اونکے جمع ہونے
اور ملاقات کرنے کی زمانہ تک ایک مرتبہ یا چند مرتبہ
مروی ہو۔ پس اگر اوسکے پاس اسکا علم نہ ہو اور
نہ کوئی حدیث صحیح ہو مشعر ان دونون کے ایک مرتبہ
کی بھی ملاقات وسماع کا مروی ہو تو ایسی
خبر کی نقل مین جس سے وہ راوی روایت کرتا ہے
اوسکا علم نہ ہوگا اور حکم اوسکا حسب میرے
بیان کیے ہوئے نہ حجت ہو اور وہ خبر حدیث اونکے
نزدیک موقوف ہوگا یہانتک کہ اوسکا سماع
حدیث کی روایت مین خواہ وہ تھوڑا ہو
یا بہت جیسا کہ وارد ہوا رد کیا جاویگا یہ نیا قول تو
اللہ اوسپر رحم کرے اسانید کے طعن مین قول
مخترع و نیا ہے جسکے طرف کوئی اہل علم انکی پیشتر
نہین گئے اور نہ کسی نے اسکی موافقت کی اور
اسبابہ یہ ہین قول شائع و متفق علیہ قدیما و حدیثا
اخبار و روایات مین اہل علم کا یہ ہو کہ جو راوی
کہ ثقہ ہو اور جائز و ممکن ہو اون دونون کی ملاقات

وجائز ممکن له لقاءه والسماع منه
لکونهما جمیعا کان فی عصر واحد
وان لم یأت فی خبر قط انهما اجتمعا
ولا تشافها بکلام فالروایة ثابتة
والحجة بها لازمة الا ان یکون هناک
دلالة بینة ان هذا الراوی لم یلق
من روی عنه او لم یسمع منه شیئا
فاما والامر مبهم علی الامکان الذی
فسرنا فالروایة علی السماع ابدا حتی
تقوم الدلالة التی بینا فیقال لمخترع
هذا القول الذی وصفنا مقالته
او للذاب عنه قد اعطیت فی جملة
قولک ان خبر الواحد الثقة عن الواحد
الثقة حجة یلزم به العمل ثم ادخلت
فیه الشرط بعد فقلت حتی یعلم
انهما قد کانا التقیا مرة فصاعدا
او سمع منه شیئا فهل تجد هذا
الشرط الذی اشترطته عن احد یلزم
قوله والا فهلم دلیلا علی ما زعمت فان
ادعی قول احد من علماء السلف بما زعم
من ادخال الشریطة فی تثبیت الخبر

اور آپس مین سماع حدیث کرنا اسوجہ سے
کہ دونون ایک زمانہ مین ہین گو بالتصریح کسی خبر
سے اونکا جمع ہونا اور روایت کرنا مروی نہ ہو اور
وہ اپنے مثل سے عن کے ساتھ حدیث کو روایت
کرے تو وہ روایت ثابت ہوا اور اوسکے ساتھ حجت
لازم ہے مگر ہان اوس جگہ اگر دلالت صریح ہو کہ یہ
راوی جس سے روایت کرتا ہی اوس سے ملاقات
نہ ہوئی ہے اور اوس سے کچھ بھی نہین سنا ہی تو یہ
امر مبہم ہی اور ممکن ہی جیسا کہ ہمنے تفسیر کی پس ایسی
روایت ہمیشہ سماع پر محمول ہوگی یہانتک کہ کوئی
دلالت صریح اسکے خلاف ثابت ہو جسکو ہمنے بیان کیا پس
اس قول کے مخترع کو کہا جاویگا اور کو کیلئے جسکے کلام کو ہمنے
بیان کیا کہ تو نے منجملہ اپنے قول کے یہ کہا کہ خبر واحد ثقہ سے عن
کے ساتھ حجت ہی اوس پر عمل واجب ہی پھر تو نے اس مین
ایک شرط کو اور بڑھایا اور کہا کہ جب وہ دونون کی مدت یکبار
یا اس سے زائد کی ملاقات یا سماع معلوم ہو پس کیا تو ثبوت
دیسکتا ہی یا نہین تو کوئی دلیل اس گمان پر لا پس اگر وہ دعوے
کرے کسی علماء سلف کے قول کا اس شرط کے بڑھانے پر
اور اس خبر کے ثابت کرنے پر تو طلب کیا جاویگا اوس سے
اور بات یہ ہی کہ وہ اور نہ اونکے غیر اس ایجاد پر کوئی دلیل
لا سکتے ہین اور اگر وہ اپنے گمان کے موافق دلیل کا دعوے کرے

طولبه ولن یجد هو ولا غیره الی الجاد
سبیلا وان هو ادعی فیما زعم دلیلا
یحتج به قیل فما ذاک الدلیل فان قال
قلته لانی وجدت رواة الاخبار قدیما
وحدیثا یروی احدهم عن الاخر الحدیث
ولما یعاینه ولا سمع منه شیئا قط فلما
رایتهم استجازوا روایة الحدیث فیما
بینهم هکذا علی الارسال من غیر سماع
والمرسل من الروایات فی اصل قولنا و
قول اهل العلم بالاخبار لیس بحجة
احتجت لما وصفنا من العلة الی البحث
عن سماع الراوی کل خبر عن راویه فاذا
انا هجمت علی سماعه منه لادنی شئ
ثبت عندی بذلک جمیع ما یروی عنه بعد
فان عزب عنی معرفة ذلک اوقفت الخبر
ولم یکن عندی موضع حجة لامکان الارسال
فیه فیقال له فان کانت العلة فی تضعیفک
الخبر وترکک الاحتجاج به لامکان
الارسال فیه لزمک ان لا تثبت اسنادا
معنعنا حتی تری فیه السماع من اوله
الی اخره وذلک ان الحدیث الوارد

تو اوس پر حجت کیجاویگی اور کہا جاویگا کہ وہ کون دلیل ہے اور اگر
وہ کہے کہ مین نے اسکو اسوجہ سے بڑھایا ہے کہ اخبار کو راویونکو
قدیماً وحدیثاً مین نے پایا کہ حدیث کی روایت کرتے ہین باوجودیکہ اوسکو
نہ دیکھا ہے نہ اوس سے کبھی سنا ہے تو جب مین نے اونکو دیکھا کہ
اونکی روایتیں ونکو ایک دوسرے سے بیان کرتے ہین پس یہ
یہی طور ہے ارسال پر بغیر سماع کے اور روایات مرسل
میرے اور اہل علم کے اصل قول مین حجت نہین ہے تو مین نے
حجت پکڑی بوجہ اوس علت کی بیان کے جسکو ہم نے
بیان کی بحث سماع راوی مین کل روایت کو اوسکے
عن کے ساتھ پس جب ہم واقف ہوگئے اوسکے سماع سے
اونے سنا سند کے ساتھ تو میرے نزدیک وہ کل روایتین
جنکو وہ بعد مین روایت کرتا ہے ثابت ہین پس
اگر اوسکی واقفیت نامعلوم ہو تو ہم توقف
کرتے ہین اور وہ میرے نزدیک حجت نہین ہے
بوجہ اوس کے امکان ارسال کے پس انکو
کہا جاویگا کہ اگر انکی تضعیف خبر و اوس سے
حجت نہ پکڑنا بوجہ امکان ارسال کے ہے تو لازم
آئیگا اس سے کہ اسناد معنعن بھی نہ ثابت ہو
جب تک تو اول سے آخر تک سماع کو نہ دیکھ لے
اور یہ اسواسطے ہے کہ ہلوگونکو حدیث ملی ہے ہشام
بن عروہ عن ابیہ عن عائشہ رضی اللہ عنہا

علمنا باسناد هشام بن عروة عن ابيه
عن عائشة رضي الله تعالى عنها قد تيقنّا
علمنا ان هشاما قد سمع من ابيه وان
اباه قد سمع من عائشة كما نعلم ان عائشة
قد سمعت من النبي صلى الله عليه وآله وسلم
وقد يجوز اذا لم يقل هشام في رواية يرويها
عن ابيه سمعت او اخبرني ان يكون بينه
وبين ابيه في تلك الرواية انسان آخر
اخبره بها عن ابيه ولم يسمعها هو من ابيه
لما احب ان يرويها مرسلا ولا يسندها
الى من سمعها منه فكما يمكن ذلك
في هشام عن ابيه فهو ايضا ممكن في
ابيه عن عائشة وكذلك كل اسناد
لحديث ليس فيه ذكر سماع بعضهم
من بعض وان كان قد عرف في الجملة
ان كل واحد منهم قد سمع من صاحبه
سماعا كثيرا فجائز لكل واحد
ان ينزل في بعض الرواية فيسمع من
غيره منه بعض احاديثه ثم يرسله منه
احيانا ولا يسمي من سمع منه وينشط
احيانا فيسمي الذي حمل عنه الحديث

کے اسناد سے اور یقیناً ہمکو معلوم ہے کہ ہشام
نے اپنے باپ سے سنا اور اونکے باپ نے بی بی عائشہ رض
سے جیسا کہ ہمکو معلوم ہے کہ حضرت عائشہ رض نے
نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے سنا ہے
جائز ہے کہ جب ہشام نے اپنے باپ کی
روایت میں سمعت او اخبرنی ابی نہیں
کہا تو اونکے اور اونکے باپ کے درمیان میں
کوئی دوسرا آدمی ہو جنے اونکو خبر دیا اونکے
باپ سے اور ہشام نے اپنے باپ سے نہ سنا
ہو اور اونکو محبوب معلوم ہوا کہ اسناد نہ بیان کرے
اور مرسل روایت کرے ایسا ہی اونکے
باپ اور بی بی عائشہ رض میں ممکن ہے اور ایسا ہی
ہر اسناد حدیث میں جسمیں سماع کا ذکر
اونکے شاگرد کا نہیں ہے اگرچہ فی الجملہ
معلوم ہے کہ انہیں سے ہر ایک کو اپنے
صاحب سے سماع کثیر حاصل ہے پس ہر ایک سے
جائز ہے کہ بعض روایت میں نیچے اوترے
پھر سنے اونکے غیر سے بعض احادیث کو
پھر کبھی اوسکو چھوڑ دے اور ارسال کرے
اور جس سے سنا ہے اوسکا نام نہ لے اور کبھی
ہلکا کر دے اور جس سے حدیث سنا ہو اوسکا

وميزت كالارسال وما قلنا من هذا
موجود في الحديث مستفيض من
فعل ثقات المحدثين وائمة اهل العلم
وسنذكر من رواياتهم على الجهة
التي ذكرنا عدد ايستدل بها على
اكثرها ان شاء الله تعالى
فمن ذلك ان ايوب السختياني
وابن المبارك ووكيعا وابن نمير وجماعة
غيرهم رووا عن هشام بن عروة
عن ابيه عن عائشة رضي الله عنها
اطيب رسول الله صلى الله عليه وآله
وسلم لحله ولحرمه باطيب ما اجد
فروى هذه الرواية بعينها الليث
بن سعد وداؤد العطار وحميد بن
الاسود ووهيب بن خالد وابو اسامة
عن هشام اخبرني عثمان بن عروة
عن عروة عن عائشة عن النبي صلى الله
عليه وآله وسلم وروى هشام عن
ابيه عن عائشة قالت كان النبي
صلى الله عليه وآله وسلم اذا اعتكف
يدني الي راسه فارجله وانا حائض

نام لے اور ارسال نہ کرے اور یہ جو ہم کہا ہے
حدیث میں موجود ہے اور ثقات محدثین اور
اہل علم کے فعل سے مستفیض ہے اور انشاء اللہ
ہم اون روایات کو جس جہت سے کہ ہم نے
ذکر کیا ہے بطور استدلال کے ان مسائل پر
بل اونکے اکثر مسائل پر ذکر کرتے ہیں -
اون میں سے ایک یہ ہے کہ ایوب سختیانی و
ابن مبارک و وکیع و ابن نمیر اور انکے سوا
ایک جماعت نے ہشام بن عروہ عن ابیہ عن
عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ
بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میں رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو احرام و غیر احرام میں
خوشبو لگایا کرتی تھی جو خوشبو کہ میں پاتی پس
اس روایت کو بعینہ لیث بن سعد و داؤد عطار
و حمید بن اسود و وہیب بن خالد و ابو اسامہ
نے ہشام سے روایت کی ہے ہشام نے کہا کہ ہمکو
عثمان بن عروہ نے خبر دی اونھوں نے عروہ سے
اونھوں نے بی بی عائشہ سے اونھوں نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم سے روایت کی اور ہشام نے اپنے باپ سے روایت کیا
اونھوں نے بی بی عائشہ سے بولیں عائشہ کہ نبی صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم جب اعتکاف کرتے تھے تو میری طرف

فرواها عينا مالك بن انس عن
الزهري عن عروة عن عمرة عن عائشة
عن النبي صلى الله عليه وسلم وروى الزهري
وصالح بن ابي حسان عن ابي سلمة
عن عائشة كان النبي صلى الله عليه واله
وسلم يقبل وهو صائم وقال يحيى
بن ابي كثير في هذا الخبر في القبلة
اخبرني ابوسلمة ان عمر بن عبد العزيز
اخبره ان عروة اخبره ان عائشة
اخبرته ان النبي صلى الله عليه واله
وسلم كان يقبلها وهو صائم و
روى ابن عيينة وغيره عن عمرو
بن دينار عن جابر قال اطعمنا رسول الله
صلى الله عليه واله وسلم لحوم الخيل و
نهانا عن لحوم الحمر الاهلية و
رواه حماد بن زيد عن عمرو عن
محمد بن علي عن جابر عن النبي صلى
الله عليه واله وسلم وهذا النحو
في الروايات كثير يكثر تعداده وفيما
ذكرنا كفاية لذوي الفهم فاذا
كانت العلة عند من وصفنا قوله

جھکا دیتے بس مین کنگھی کر دیتی اوس حال مین کہ حیض
سے ہوتی - پس اسی روایت کو بعینہا مالک بن انس نے
زہری سے اونھون نے عروہ سے اونھون نے عمرہ سے انھون
نے بی بی عائشہ سے اونھون نے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
سے روایت کی ہے اور زہری اور صالح بن ابی حسان نے
ابوسلمہ سے اونھون نے عائشہ سے روایت کی ہو کہ نبی
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم روزہ کی حالت مین بوسہ لیتے تھے
پھر یحیی بن ابی کثیر نے اس حدیث مین بوسہ کے یون کہا کہ
ہمکو ابوسلمہ نے خبر دی کہ عمر بن عبد العزیز نے اونکو خبر دی و انکو
عروہ نے خبر دی اونکو بی بی عائشہ نے خبر دی کہ نبی صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم روزہ کی حالت مین اونکا بوسہ لیتے تھے
اور ابن عیینہ وغیرہ نے عمرو بن دینار سے اونھون
نے جابر سے روایت کی ہے کہ ہملوگون کو رسول اللہ
صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے گھوڑے کا گوشت کھلایا
اور پالو گھر کے گدہے کے گوشت سے منع فرمایا اور اسکو
حماد بن زید نے عمرو سے اونھون نے محمد بن علی
سے اونھون نے جابر سے روایت کی ہو اور اس
قسم کے اختلاف بکثرت تعداد سے مروی
ہین مگر جسقدر ہم نے ذکر کیا سمجھدار کے لئے
کافی ہے پس اگر اوس شخص کے نزدیک
جسکو کہ ہمنے پیشتر بیان کیا ہے حدیث کے

قيل في فساد الحديث وتوهينه اذا لم يعلم
ان الراوي قد سمع ممن روى عنه شيئا لمكان
الارسال فيه لزمه ترك الاحتجاج في قياد
قوله برواية من يعلم انه قد سمع ممن روى
عنه الا في نفس الخبر الذي فيه ذكر السماع
لما بينا من قبل عن الائمة الذين نقلوا
الاخبار انه كانت لهم تارات يرسلون فيها
الحديث ارسالا ولا يذكرون من سمعوا
منه وتارات ينشطون فيها فيسندون الخبر
على هيئة ما سمعوا فيخبرون بالنزول وبكثرة
الوسائط فيه ان نزلوا وبالصعود بقلة
الوسائط ان صعدوا كما شرحنا ذلك عنهم
وما علمنا احدا من ائمة السلف ممن
يستعمل الاخبار ويتفقد صحة الاسانيد
وسقمها مثل ايوب السختياني وابن عون
ومالك بن انس وشعبة بن الحجاج و
يحيى بن سعيد القطان وعبد الرحمن
بن مهدي ومن بعدهم من اهل الحديث
فتشوا من موضع السماع في الاسانيد
كما ادعاه الذي وصفنا قوله من قبل
وانما كان تفقد من تفقد منهم بسماع

فساد داوسکے توہین مین یہی علت ہو کہ جب یہ راوی
کی جس سے روایت کرتا ہو سننا معلوم نہین ہے اور اس
ارسال کی وجہہ سے تو لازم آویگا اوسکے اس قول کے قید کی
وجہہ سے اوس روایت کا بھی ترک احتجاج جسکا سماع
معلوم ہے مگر نفس الامر مین کبھی تو ذکر سماع کا ہے
جیسا کہ ہمنے بیشتر اون ائمہ سے جو احادیث کو ناقل
ہین بیان کیا ہے کہ وہ کبھی تو حدیث مین ارسال کرتے
ہین اور جس سے سنا ہے سند بیان کرتے ہین اور
کبھی اوسکو ہلکا کرتے ہین اور اوس حدیث کی جسطور
سے سنا ہے سند بیان کرتے ہین اور اوس مین
نزول کو کثرت وسائط سے بتلاتے ہین اگر اوس
مین اوتار و نزول ہے اور اگر اوس مین چڑھاو و صعود
ہے واسطونکی کمی کی وجہہ سے تو چڑھتے ہین جیسا کہ
ہمنے اون لوگون سے اسکی تفصیل بیان کردی ہے اور ہم
کسی ائمہ سلف سے جنکو احادیث سے توغل ہے اور اسناد
کی صحت و ضعف کا علم ہے مثل ایوب سختیانی و ابن عون
و مالک بن انس و شعبہ بن حجاج و یحیی بن سعید القطان
و عبد الرحمن بن مہدی اور جو انکے بعد اہل حدیث
ہین نہین جانتے ہین کہ انھون نے تفحص پکڑا ہو اسانید کے
ایسے سماع سے جسکا اوس شخص نے دعوی کیا ہے جسکے
قول کو ہمنے بیشتر بیان کیا ہے اور رواۃ احادیث جنسے

رواة الحديث ممن روی عنهم اذا کان
الراوی ممن عرف بالتدليس فی الحديث
وشهر به فحينئذ يبحثون عن سماعه فی روايته
ويتفقدون ذلك منه کی تنزاح عنهم
علة التدليس فمن ابتغی ذلك من غير
مدلس علی الوجه الذی زعم من حكينا
قوله فما سمعنا ذلك عن احد ممن
سمينا ولم نسم من الائمة فمن ذلك
ان عبد الله بن يزيد الانصاری وقد
رای النبی صلی الله عليه وسلم وقد روی عن
حذيفة وعن ابی مسعود الانصاری
وعن كل واحد منهما حديثا يسنده الی
النبی صلی الله عليه وسلم وليس فی روايته
عنهما ذكر السماع منهما ولا حفظنا
فی شیء من الروايات ان عبد الله بن يزيد
شافه حذيفة وابا مسعود بحديث قط
ولا وجدنا ذكر رؤيته اياهما فی رواية
بعينها ولم نسمع احدا من اهل العلم
ممن مضی ولا ممن ادركنا انه طعن فی
هذين الخبرين اللذين رواهما عبد الله
بن يزيد عن حذيفة وابی مسعود

روایت کی ہین اونکے سماع کا تفقد و تلاش اوسوقت
البتہ محدثین نے کیا ہو جبکہ راوی تدلیس کے ساتھ حدیث مین
مشہور و معروف ہوا ہو تو اوسکی روایت کی سماع سے بحث کرتے
ہین اور اوسکی جستجو کرتے ہین تاکہ تدلیس کی علت اوس سے
دور ہو جاوے پس جو شخص بغیر تدلیس کے اس بحث کو چاہے
موافق اوس شخص کے گمان کے جسکا ہمنے ذکر کیا تو اس بات کو
ہمنے اون ائمہ مذکورین سے نہین سنا اور نہ کسی ائمہ سے ایسی
بات ہم جانتے ہین پس اون مدلسین مین عبد اللہ بن
یزید الانصاری ہین اونھون نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کو دیکھا ہے اور حذیفہ اور ابی مسعود سے حدیث کو
روایت کیا ہو اسطور سے کہ اوسکی سند رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم تک پہونچاتے ہین مگر کسی روایت مین ان
دونون سے سماع کا ذکر نہین ہوا اور نہ ہمکو یہ معلوم ہے
کہ عبد اللہ بن یزید نے بالمشافہ حذیفہ و ابو مسعود سے کبھی
کوئی حدیث سنی ہو اور نہ ہمنے ہمکو کہین پایا کہ اونھون نے
اپنی آنکھون سے اون دونون کو دیکھا ہو اور نہ ہمنے کسی اہل علم
سے ان باتونکو سنا اور نہ ممکن ہوا اور ہمکو یہ بات معلوم
ہوئی ہو کہ اوسنے ان دونون روایتون کو جنکو عبد اللہ
بن یزید نے حذیفہ و ابو مسعود سے روایت کیا ہو ضعف
کے ساتھ ان مین طعن کیا ہو مگر ہمنے انکی نسبت اور جو
انکے مشابہ ہین اون اہل علم سے مگر جنکو صحت و قضیہ

بضعف فیهما بل هما وما اشبهها عند من
لاقینا من اهل العلم بالحدیث من صحاح
الاسانید وقویها یرون استعمال ما نقل
بها والاحتجاج بما اتت من سنن وآثار وهی
فی زعم من حکینا قوله من قبل واهیة مهملة
حتی یصیب سماع الراوی عمن روی
ولو ذهبنا بعدد الاخبار الصحاح عند اهل
العلم ممایهن بزعم هذا القائل ونحصیها
لعجزنا عن تقصی ذکرها واحصاها کلها
ولکنا احببنا ان ننصب منها عددا یکون
سمة لما سکتنا عنه منها وهذا ابو عثمان
النهدی وابو رافع الصائغ وهما من ادرک
الجاهلیة وصحبا اصحاب رسول الله صلی الله
علیه وسلم من البدریین هلم جرا ونقلا
عنهم الاخبار حتی نزلا الی مثل ابی هریرة
وابن عمر وذویهما قد اسند کل واحد منهما
عن ابی بن کعب عن النبی صلی الله علیه وآله
وسلم حدیثا ولم نسمع فی روایة
بعینها انهما رایا ابیا او سمعا منه شیئا
واسند ابو عمرو الشیبانی وهو ممن ادرک
الجاهلیة وکان فی زمن النبی صلی الله علیه وسلم

اسناد کا علم ہے اور وہ اہل علم سے ہیں معلوم کیا ہی
کہ وہ انکا استعمال اور جو آثار واحادیث انسے مروی
ہیں اونسے حجت لانا جائز سمجھتے ہیں اور اوس شخص کے
گمان میں جسکا ہمنے ذکر کیا وہ روایتیں واہی اور مہمل
ہیں جب تک سماع کی تحقیق نہ ہو اور اگر شمار کیطرف
ہم چلیں اور انکو شمار کریں جو ایسی احادیث اہل علم کے
نزدیک صحیح ہیں اور یہ قائل اونکو توہین کرتا ہے تو ان
سب کا شمار واحاطہ ہمسے نہ ہوسکے وہ اس کثرت
سے ہیں لیکن چند عدد کو ہم ذکر کردینا محبوب سمجھتے
ہیں تاکہ علامت ہو ہمارے سکوت عنہ سے اور وہ
ابو عثمان نہدی اور ابو رافع صائغ ہیں ان دونوں
نے جاہلیت کے زمانہ کو پایا اور اصحاب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کی مثل بدری وغیرہم کے صحبت پائی
اور اونسے روایتیں نقل کرتے ہیں یہانتک کہ یہ
دونوں نیچے آئے اور ابوہریرہ وابن عمر اور انکے
مانند نیچے کے طبقات صحابہ سے روایت کی اور ان میں سے
ہر ایک نے ابی بن کعب سے اونھوں نے نبی صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم سے حدیث روایت کی ہے مگر ہمنے بعینہ
کسی روایت میں نہیں سنا کہ ان دونوں نے ابی کو
دیکھا ہو یا اونسے کچھ سنا ہو اور عمرو شیبانی نے بھی
زمانہ جاہلیت کو پایا اور وہ ایک شخص تھے نبی صلعم کے زمانہ میں

رجلا وابو معمر عبد الله بن سخبرة كل واحد
منهما عن ابي مسعود الانصاري عن النبي صلى الله
عليه وسلم خبرين واسند عبيد بن عمير عن ام سلمة
زوج النبي صلى الله عليه وآله وسلم حديثا وعبيد
ولد في زمن النبي صلى الله عليه وسلم واسند
قيس بن ابي حازم وقد ادرك زمن النبي صلى الله
عليه وآله وسلم عن ابي مسعود الانصاري
عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم ثلثة اخبار
واسند عبد الرحمن بن ابي ليلى وقد حفظ
عن عمر بن الخطاب رضي الله تعالى عنه عن انس
بن مالك عن النبي صلى الله عليه وسلم حديثا واسند
ربعي بن حراش عن عمران بن حصين عن
النبي صلى الله عليه وآله وسلم حديثا وقد سمع
ربعي من علي بن ابي طالب رضي الله تعالى عنه وروى
عنه واسند نافع بن جبير بن مطعم عن ابي شريح
الخزاعي عن النبي صلى الله عليه وسلم حديثا واسند
النعمان بن ابي عياش عن ابي سعيد الخدري
ثلثة احاديث عن النبي صلى الله عليه وسلم واسند
عطاء بن يزيد الليثي عن تميم الداري عن النبي
صلى الله عليه وآله وسلم حديثا واسند سليمان
بن يسار عن رافع بن خديج عن النبي صلى الله

اور ابو معمر عبد اللہ سخبری بھی ہین ان مین سے ہر ایک
نے ابو مسعود انصاری سے اونھون نے نبی صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم سے دو حدیثین روایت کی ہین اور عبید بن عمیر نے
بی بی ام سلمہ امہات المومنین سے ایک حدیث روایت کی ہے اور عبید
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ مین پیدا ہوئے اور
قیس بن ابی حازم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ
کو پایا اور اونھون نے ابو مسعود انصاری سے اونھون نے
نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تین حدیثین روایت کین
اور عبد الرحمن بن ابی لیلے نے حفظ کیا عمر بن الخطاب
رضی اللہ تعالے عنہ سے اور اونھون نے انس بن مالک
سے اونھون نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث روایت
کی ہے اور ربعی بن حراش نے عمران بن حصین سے اونھون نے
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث کو روایت کی اور
ربعی نے علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالے عنہ سے سنا ہے
اور اونسے روایت کی ہے اور نافع بن جبیر بن مطعم نے
ابی شریح خزاعی سے اونھون نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
ایک حدیث کو روایت کی ہے اور نعمان بن ابی عیاش نے
ابو سعید خدری سے اونھون نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تین
حدیثین روایت کین اور عطا بن یزید اللیثی نے تمیم داری سے
اونھون نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک حدیث روایت
کی ہے اور سلیمان بن یسار نے رافع بن خدیج سے اونھون نے

عليه وسلم حديثا واسند حميد بن عبد الرحمن
الحميري عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم
احاديث فكل هؤلاء التابعين الذين نصبنا
روايتهم عن الصحابة الذين سميناهم لم يحفظ
عنهم سماع علمناه منهم في رواية بعينها ولا
انهم لقوهم في نفس خبر بعينه وهي اسانيد
عند ذوي المعرفة بالاخبار والرواية من صحاح
الاسانيد لا نعلمهم وهنوا منها شيئا قط
ولا التمسوا فيها سماع بعضهم من بعض
اذ السماع لكل واحد منهم ممكن من صاحبه
غير مستنكر لكونهم جميعا كانوا في العصر
الذي اتفقوا فيه وكان هذا القول الذي
احدثه القائل الذي حكيناه في توهين
الحديث بالعلة التي وصف اقل من ان
يعرج عليه ويثار ذكره اذ كان قولا محدثا
وكلاما خلفا لم يقله احد من اهل
العلم سلف ويستنكره من بعدهم خلف
فلا حاجة بنا في رده باكثر مما شرحنا
اذ كان قدر المقالة وقائلها القدر الذي
وصفناه والله المستعان على دفع ما خالف
مذهب العلماء وعليه التكلان انتهى

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک حدیث روایت کی ہے اور
حمید بن عبد الرحمن حمیری نے ابو ہریرہ سے اونھون نے نبی صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم سے حدیثونکو روایت کی ہے تیس یہ سب وہ تابعین ہین
جنکے نامونکو ہمنے ذکر کیا صحابون سے روایت کرتے ہین مگر
انکا سماع محفوظ نہین ہے اور نہ ہمکو بعینہ کسی روایت سے انکی
سماع کا علم ہوا اور نہ نفس الامر مین یہ سب اونسے ملے
مگر یہ سب روایتین جن لوگون کا وثوق و اعتبار و علم اخبار و
روایتون مین ہے اونکے نزدیک صحیح اسنادوسے ہین اور نہ
اون سے اس باب مین ہم کچھ سستی خیال کرتے ہین اور اون
لوگون نے انکی ایک دوسرے سے سماع کی تجسس کی کیونکہ
انمین سے ہر ایک کا اپنے صاحب سے غیر ناپسندیدہ سماع ممکن ہے
کیونکہ بالاتفاق یہہ سب ایک ہی زمانہ مین تھے جس مین انکا
اتفاق ہوا اور اس قائل کا قول جسکو ہمنے دربارہ توہین حدیث
اوس علت کیساتھ جو اوسنے بیان کیا ہے ذکر کر دیا ہے بہت ہی
کم چرچا ہی کو قابل ذکر کرنے کے لائق تھا کیونکہ یہ قول محدث
وایجاد بندہ ہے جسکو کسی اہل علم سلف نے نہین کہا اور پچھلون نے
خلف کے ساتھ ذکر کیا ہے تیس اب ہمکو اس سے زیادہ رد کرنے کی
حاجت نہین ہے کیونکہ اس کلام کی یہ قدر ہے جو ہمنے بیان کی ہے
ونیز اوس قائل کے کلام کی بھی قدر اونکے کلام سے معلوم ہو گی
جسکو ہمنے بیان کیا اور اللہ مدد کرنیوالا ہے اوس شخص کے
دفع پر جو علما کی مخالفت کرے اور اسی پر بھروسا ہے انتہی کلام مسلم

وكذا هو متصل على مذهب امير المؤمنين
في الحديث ابي عبد الله محمد بن اسمعيل
البخاري وسائر النقاد معه لثبوت اللقاء
عنده كغيره وهو الشرط في الاتصال عنده
وانما هو في جامعه لا في اصل الصحة قال
السيوطي رحمه الله في شرح التقريب ومنهم
من يشترط اللقاء وحده وهو قول البخاري
وابن المديني الا انه لا يشترط ذلك في اصل
الصحة بل التزمه في جامعه وابن المديني
يشترطه فيها انتهى فما قيل ان كل حديث
يرويه الحسن البصري عن علي رضي الله تعالى
عنه ليس بمتصل عند البخاري ومسلم والترمذي
وابي داود ونحوهم لكان الزاما يساعد الصحة
والرواية لكن في المطالب النقلية يعتبر
الوقوع لا الامكان وما يثبته جماعة من
الاتصال بالامكان لا يعتد به عند محققي
اهل هذا الشان وان الالتقاء بالمعاصرة
المحضة في الاتصال امر تاباه سلامة
الذهن فمبني على عدم اصابته ما عند البخاري
ومسلم والترمذي وابي داود والنسائي و
الامام احمد وابي نعيم والحاكم والضياء

اور ایسا ہی امام حسن بصری کی روایات حسب مذہب امیر المؤمنین
فی الحدیث امام ابو عبد اللہ محمد بن اسمعیل بخاری اور تمام نقاد
حدیث کے متصل ہے اور جیسا کہ انکے غیر کے نزدیک انکی
ملاقات ثابت ہے اور یہی ملاقات انکے نزدیک صرف اتصال
میں شرط ہے اصل صحت میں نہیں ورنہ انکو جامع میں ہے
سیوطی نے شرح تقریب نووی میں لکھا ہے کہ بعضے محدثین
صرف لقا کو اتصال کے لئے مشروط کرتے ہیں اور یہ بخاری
اور ابن مدینی کا مسلک ہے اور بخاری اصل صحت میں
اسکو شرط نہیں کرتے بلکہ اسکا التزام اونھوں نے اپنی صحیح
میں کیا ہے اور ابن مدینی صحت میں بھی اسکو شرط کرتے ہیں
پس جو یہ کہا گیا ہے کہ حسن بصری کی ساری روایتیں حضرت
علی رضی اللہ تعالی عنہ سے بخاری و مسلم و ترمذی ابوداود وغیرہم
کے نزدیک متصل نہیں ہیں گو الزاما صحت اور روایت کی
کوشش کیجائے لیکن نقلی امور میں وقوع معتبر ہے امکان نہیں
اور ایک جماعت جو اسکو امکان کے ساتھ ثابت کرتی ہے وہ
اس فن کے محققین کے نزدیک معتبر نہیں اور درباره اتصال
کے اکتفا مجرد ہمزمانگی پر ایک ایسا امر ہے جسکو سلیم الذہن
انکار کرتا ہے پس میں کہتا ہوں کہ عدم ثبوت بخاری
مسلم ترمذی ابوداود نسائی امام احمد ابو نعیم
حاکم ضیا مقدسی ابن حجر سیوطی وغیرہم کے نزدیک
کہاں ہے جیسا کہ اس رسالہ میں گذرا اور اب

وابن حجر والسیوطی وغیرهم کما مضی فما سیأتی

فان قیل قال الامام مسلم فی مقدمة صحیحه
حدثنی حسن بن علی الحلوانی حدثنا یزید بن
هارون اخبرنا همام قال دخل ابو داؤد الاعمی
علی قتادة فلما قام قالوا ان هذا یزعم
انه لقی ثمانیة عشر بدریا فقال قتادة ان هذا
کان سائلا قبل الجارف لا یعرض بشیء من هذا
ولا تکلم فیه فوالله ما حدثنا الحسن عن بدری
مشافهة ولا حدثنا سعید بن المسیب عن
بدری مشافهة الا عن سعد بن مالک انتهی
ویعلم منه ان الحسن البصری رضی الله عنه
لم یسمع من علی بن ابی طالب البدری
کرم الله وجهه لان لقتادة معه صحبة و
ملازمة لا ریب فیها ولو کان له سماع من
بدری لحدثه به ویعلم من هذا انه لم یلق
علیا رضی الله عنه ایضا لانه لو کان لقیه
لربما سمع منه فالحدیث الذی رواه عنه
کرم الله وجهه او عن بدری آخر مرسل لا متصل
قلت لا یلزم من عدم تحدیث الحسن عن بدری
لقتادة عدم سماعه من بدری اصلا وان کان
فی کلام قتادة قریبا منه وانما یلزم لو قال
لقتادة روایة من البدری

تصریح آتا ہے پس اگر یہ کہا جاوے کہ امام مسلم نے
مقدمہ میں صحیح مسلم کے کہا ہے کہ مجھسے حسن بن حلوانی نے
حدیث بیان کی اوسنے کہا کہ مجھسے یزید بن ہارون نے
بیان کی اوسنے کہا کہ ہمکو ہمام نے خبر دیا کہ ابو داؤد اعمی
قتادہ کے پاس آئے پس جب وہ کھڑے ہوے تو لوگون نے قتادہ
کہا کہ یہ گمان کرتا ہے کہ وہ اٹھارہ بدری صحابی سے ملا ہے تو
قتادہ نے کہا کہ یہ شخص سائل (گدا) تھا قبل طاعون جارف کے
(جو ماہ شوال ۶۹ھ خلافت مین حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ کو
تین روز تک رہا ہر روز ستر ہزار آدمی مرتے تھے) اس سے کچھ تعرض
نہ کیا جاوے اور نہ اوس مین کچھ کلام کیا جاوے سو اللہ کی قسم
حسن نے بدریون سے مشافہ نہیں روایت کی اور نہ سعید بن مسیب نے
مگر ہان صرف ایک سعد بن مالک سے روایت کی ہوا انتہی
پس اس کلام سے ظاہر ہے کہ قتادہ کو باوجود یقینی صحبت و
ملازمت حسن کے حسن بصری کا علی بن ابیطالب کی سماع سے
انکار ہے اگر اوسکو بدری سے سماع ہوتی تو قتادہ اسکو بھی
روایت کرتے ونیز اس قول سے قتادہ کے معلوم ہوا کہ
حضرت علی سے ملاقات بھی نہیں ہوئی اگر ہوئی ہوتی تو
یہ اسکو بھی حسن سے روایت کرتے یا ذکر ہوتی پس جو ان
کی روایت کو اونسے نقل کرتے لہذا وہ روایات
حسن کی متصل نہیں ہین مرسل ہین ہم کہتے ہین کہ
حسن کا قتادہ سے بدریون کی روایات کچھ بیان کرنے سے

قال الحسن ما حدثنا بدری و نحو ذلک قال کل
ما سمعه الحسن من الصحابة فحدثنی به و
لیس فی شیء منه سماع من بدری و نحو ذلک
ولم یقله کله بل قال ما حدثنا الحسن
وهذا الذی ذکر بدیهی لا یحتاج الی نظر
وقد مضی ان یونس بن عبید وقد قال
فیه امام المعرفة ابو زرعة یونس بن عبید احب
الی فی الحسن من قتادة لان یونس من اصحاب
الحسن وقتادة لیس من اقران یونس روی
عن الحسن انه قال کل شیء سمعتنی
اقول قال رسول الله صلی الله علیه و آله وسلم
فهو عن علی بن ابیطالب رضی الله تعالی عنه
غیر انی فی زمان لا استطیع ان اذکر علیا
وفیه دلالة ظاهرة علی سماعه عنه و اکثاره
عنه وسیاتی ما فیه السماع الصریح من صحیح
الصحیح عن عقبة الباهلی (قال سمعت
الحسن یقول سمعت علیا یقول الحدیث)
وقد روی الحسن عن الزبیر بن العوام
ابن عمة النبی صلی الله علیه و آله وسلم و
لا خلاف انه بدری قال الحافظ جمال الدین
المزی فی تهذیب الکمال الزبیر بن العوام الی

اونکا سر لیسے نہ سننا بدریون سے نہیں ثابت ہوتا ہے۔
(کیا ایک شخص سے دنیا بھر کی بات کو اسناد کہہ دیا ہے گو قتادہ
کے مفہوم کلام سے ایسا ہی ثابت ہوتا ہے (یہ اونکی اور جو
اونکو کلام سے ایسا سمجھیں خوش فہمی ہے) ہان اگر قتادہ
یون کہتے کہ حسن نے بدریون سے روایت نہیں کی یا قبیل اسکے
اور کچھ کہتے یا قتادہ یہ کہتے کہ حسن نے جو کل صحابہ سے روایت کی
تمام اوس میں اونسے بدریون کا سماع نہیں ہے یا اسکے مانند
کوئی اور الفاظ کہتے تو صحیح ہوتا قتادہ نے تو کل کا لفظ کہا ہی
نہیں بلکہ یہ کہا کہ ہم سے حسن نے بدریون سے مشافہۃ
نہیں روایت کی اور یہ ایک صاف امر ہے جس میں غور و فکر کو
دخل نہیں ہے اور یہ بات گذر چکی ہے کہ یونس بن عبید نے
جنکے حق میں امام المعرفة ابو زرعہ نے یون کہا ہے کہ حسن کے
شاگردون میں ابر قتادہ سے یونس مرے نزدیک زیادہ
محبوب ہے کیونکہ یونس اصحاب حسن سے ہے اور قتادہ یونس کے
اقران سے نہیں ہے انھون نے حسن سے روایت کی ہے کہ اونھون
نے کہا کہ جس چیز میں مجھ سے تو یون سنے کہ رسول اللہ صلے
اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا وہ روایت علی بن ابیطالب رضی
اللہ تعالی عنہ سے ہے مگر چونکہ ہم ایسے زمانہ میں ہیں کہ علی کا نام
لے نہیں سکتے اسوجہ سے اونکو ترک کر کے ایسا کہتے ہیں۔
اسمیں صاف طور سے دلیل ہے اونکے سماع کی اور اون سے
زیادہ روایت کرنے کی اور اس سے زیادہ مصرح صحیح طور سے

قوله شهد بدرًا والمشاهد كلها
مع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
وروى عنه الاحنف بن قيس والحسن
البصري انتهى ومما يقطع به في هذا صحة
رواية سعيد عن البدريين غير سعد
مشافهة قال امام المحدثين شيخ مسلم
محمد بن اسمعيل البخاري في تاريخه الصغير
حدثنا سليمان بن حرب قال حدثنا
حماد عن غيلان بن جرير عن ابن المسيب
قال انا اصلحت بين علي وعثمان وقال
الحافظ المزي في التهذيب في ترجمة سعيد بن
المسيب قال البخاري قال لنا سليمان بن
حرب حدثنا سلام بن المسكين عن عمران
بن عبد الله الخزاعي عن ابن المسيب قال
انا اصلحت بين علي وعثمان قلت لعلي
وفي التهذيب بين عثمان وعلي ۱۲ مظ
انه امير المؤمنين وقلت لعثمان انه
علي لو شئت ان اقول قولاً لفعلت وقال
البخاري في صحيحه الذي هو اصح الكتب
بعد كتاب الله حدثنا قتيبة بن سعيد واحمد
حجاج بن محمد الاعور عن شعبة عن عمرو
بن مرة عن سعيد بن المسيب قال خلف

عقبہ باہلی سے سماع حسن کا علی سے عنقریب آتا ہی
عقبہ نے کہا کہ مین نے حسن سے سنا کہتے تھے کہ سنا
مین نے علی سے آخر حدیث تک اور انکے علاوہ
بیشک حسن نے زبیر بن العوام پھوپھی زاد بھائی نبی صلعم
سے بھی روایت کیا ہی اور اسمین خلاف ہی نہین کہ وہ
بدری ہین حافظ جمال الدین مزی تہذیب الکمال مین لکھتے
ہین زبیر ابن العوام . . . . یہ جنگ بدر مین حاضر ہوئے اور کل
تحت ترجمہ زبیر کے ۱۲ عفت
جنگون مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رہے
اونسے احنف بن قیس اور حسن بصری نے روایت کیا ہی انتہی
اور قطعی ثبوت اسباب مین سعید بن مسیب کی روایت کی
صحت ہی سعد کی مشافہۃ کہا امام المحدثین مسلم کے استاد
محمد بن اسمعیل بخاری نے تاریخ صغیر مین ہمسے بیان کی
حماد نے اونھون نے غیلان بن جریر سے اونھون نے ابن مسیب سے
کہا مین نے علی وعثمان کے درمیان صلح کرادی اور حافظ
مزی نے سعید بن مسیب کے حال مین تہذیب الکمال مین
لکھا ہی کہ بخاری نے کہا ہمکو سلیمان بن حرب نے کہا اونسے
سلام بن مسکین نے بیان کی اونھون نے عمران بن عبد اللہ
خزاعی سے اونھون نے ابن مسیب سے کہا مین نے علی وعثمان
کے درمیان صلح کرادی مین نے علی کو کہا کہ وہ امیر المومنین
ہین اور عثمان کو کہا کہ وہ علی ہین اور اگر آپ کوئی بات
کہنا چاہین تو مین اوسکے کرنے کو تیار ہون ــ اور

تہذیب الکمال مزی
تاریخ صغیر بخاری
تہذیب الکمال

صحیح بخاری

علی وعثمان بعسفان فی المتعة فقال علی
ما ترید ان تنهی عن امر فعله رسول الله
صلی الله علیه وآله وسلم قال فلما رای
ذلک علی اهل بهما جمیعا ورواه مسلم فی
الصحیح قال حدثنا محمد بن المثنی ومحمد بن
بشار قالا حدثنا محمد بن جعفر حدثنا
شعبة عن عمرو بن مرة عن سعید بن
المسیب قال اجتمع علی وعثمان بعسفان
وکان عثمان ینهی عن المتعة والعمرة فقال
علی ما ترید الی امر فعله رسول الله صلی الله
علیه وآله وسلم تنهی عنه فقال عثمان دعنا منک
فقال انی لا استطیع ان ادعک فلما ان
رأی علی ذلک اهل بهما جمیعا وقد ذکر الامام
الحافظ ابو بکر الحازمی فی شروط الائمة
ما حاصله ان شرط البخاری ان یخرج ما
اتصل اسناده مع کون رواته ثقات
متقنین ملازمین لمن اخذوا عنه ملازمة
طویلة فی السفر والحضر وانه قد یخرج احیانا
عن اعیان الطبقة التی تلی هذه فی الاتقان
والملازمة لمن رووا عنه فلم یلزموه الا ملازمة
یسیرة وان شرط مسلم ان یخرج حدیث

صحیح مسلم

شروط الائمہ حازمی

بخاری نے اپنی صحیح میں جو قرآن مجید کے بعد اصح کتب ہے
کہا ہے کہ ہم سے قتیبہ بن سعید نے بیان کی اونھون نے کہا کہ
مجھ سے حجاج بن محمد اعور نے اونھون نے شعبہ سے اونھون نے
عمرو بن مرہ سے اونھون نے سعید بن مسیب سے بیان کی کہا
سعید نے کہ دربارہ متعہ فی الحج کے عسفان مین علی وعثمان مین
سے اختلاف ہوا علی نے کہا کہ کیون مجھے آپ باز رکھنا چاہتے ہین
اوس فعل سے جسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا ہے
سعید نے کہا کہ چونکہ علی اسکو جائز سمجھتے تھے اسوجہ سے دونو نکا
احرام ساتھ ہی باندھا اور اسکو مسلم نے بھی صحیح مین روایت
کی ہے کہا کہ ہمسے محمد بن مثنی اور محمد بن بشار نے بیان کی دونون
نے کہا کہ ہمسے محمد بن جعفر نے بیان کی اونھون نے شعبہ سے
بیان کی اونھون نے عمرو بن مرہ سے اونھون نے سعید بن مسیب سے
کہا کہ علی وعثمان عسفان مین جمع ہوئے اور عثمان متعہ اور عمرہ
کی نیت ایک ساتھ کرنے سے منع کرتے تھے سو عثمان کو علی نے کہا
کہ کیا آپ ایسے فعل کا جسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیا کرتے تھے باز رکھتے ہین عثمان نے کہا کہ ہمکو آپ چھوڑ دیجیے
علی نے کہا کہ ہم آپ کو چھوڑنا نہین چاہتے بس چونکہ علی اسکو
جائز سمجھتے تھے اسلئے دونون کے ساتھ احرام باندھا اور
امام الحفاظ ابو بکر حازمی نے شروط الائمہ مین کہا ہے جسکا خلاصہ
یہ ہے کہ بخاری کی شرط یہ ہے کہ اسناد متصل ہو اور اوسکے روات
ایسے ثقہ متقنین ہون کہ حدیث کی تعلیم مین ملازمت طویل ہو

هذه الطبقة الثانية وقال الترمذي حدثنا الحسن بن الصباح البزار ثنا سفيان بن عيينة عن علي بن زيد بن جدعان ويحيى بن سعيد سمعا سعيد بن المسيب يقول قال علي ما جمع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ابلاه وامه لاحد الا لسعد بن ابي وقاص الحديث قال هذا حديث حسن صحيح وقال البخاري في تاريخه الصغير حدثنا علي وغيره عن ابي داؤد عن شعبة عن اياس بن معاوية قال قال لي سعيد بن المسيب ان لا اذكر يوم نعى عمر النعمان بن مقرن على المنبر وذكر هذا الاثر ابو حاتم الرازي ايضا وقال النووي في تهذيب الاسماء ولد سعيد لسنتين خلتا من خلافة عمر رضي الله عنه وقيل لاربع سنين ورأى عمر وسمع منه ومن عثمان وعلي وسعد بن ابي وقاص الى قوله قال ابو طالب فقلت لاحمد بن حنبل سعيد بن المسيب فقال وسعيد بن المسيب ثقة من اصحاب الخير فقلت فسعيد عن عمر حجة قال هو عندنا حجة قد رأى وسمع منه اذا لم يقبل سعيد عن عمر فمن يقبل انتهى

سفر و حضر میں اپنے شیخ کے ساتھ رہا ہو اور بھی بے شخص سے بھی وہ روایت کرتے ہیں جو ملازمت و حفظ میں اس طبقہ کے قریب ہیں اور انکو تھوڑی مدت ملازمت ہوئی ہے پس خلاصہ یہ ہے کہ بخاری کے نزدیک ملازمت قلیل بھی شرط ہے اور مسلم کی یہ شرط ہے کہ وہ طبقہ ثانیہ سے ہو اسی سے جن سے بخاری کبھی روایت کرتے ہیں روایت کیا کرتے ہیں اور ترمذی نے کہا کہ ہمسے بیان کی حسن بن صباح بزار نے اونھوں نے کہا کہ ہمسے سفیان بن عیینہ نے بیان کی علی بن جدعان اور یحیی بن سعید سے ان دونوں نے کہا کہ ہمنے سعید بن مسیب سے سنا کہتے تھے کہ علی نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (خوشی کے کلمہ میں) سعد بن ابی وقاص کے سوا کسی کے لیے اپنے ماں باپ کو جمع نہ فرمایا (یعنی یوں فرمایا کہ تیرے ماں باپ تجھ پر فدا ہوں) آخر حدیث تک اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور بخاری نے تاریخ صغیر میں کہا ہے کہ ہم سے علی وغیرہ نے بیان کی ابو داؤد سے اونھوں نے شعبہ سے اونھوں نے ایاس بن معاویہ سے اونھوں نے کہا کہ سعید بن مسیب نے مجھ سے کہا کہ کیا تم نہیں ذکر کرتے ہیں نعمان بن مقرن کے مرنے کی خبر دینے کو جو عمر نے ممبر پر دیا تھا اور اس اثر کو ابو حاتم رازی نے بھی روایت کی ہے اور امام نووی نے تہذیب الاسماء میں کہا ہے کہ سعید عمر رض کے دو برس خلافت میں پیدا ہوا اور کہا گیا ہے کہ چار برس اور انھوں نے عمر کو دیکھا ہے اور اونسے اور عثمان و علی و سعد بن ابی وقاص سے سنا ہے یہاں تک کہا نووی نے کہ ابو طالب نے

جامع ترمذی

تاریخ صغیر بخاری

تہذیب الاسماء واللغات نووی

عہ بخلاف جید علی بن القطان و ابن الحزم حیث جزمہما انہ لم یسمع من عمر رض ۱۲ منہ

وذكر الامام الحاكم ابو عبد الله النيسابوري ان سعيدا
ادرك عمر فمن بعده الى اخر العشرة وقال المزي في ترجمة خالد بن
زيد شهد بدرا والعقبة والمشاهد كلها مع رسول الله صلى الله
عليه وسلم وروى عنه اسلم ابو عمران التجيبي وسعيد بن المسيب
انتهى فلما لم يلزم عدم السماع بل ثبت من وجوه اخر
حسنة صحيحة فكيف يلزم عدم
اللقاء مع عدم استلزامه اياه وقد ذكر
شيخ المحدثين والصوفية الشيخ شهاب الدين
السهروردي في عوارف المعارف قال الحسن
البصري رضي الله عنه لقد ادركت سبعين
بدريا كان لباسهم الصوف (رواه في حلية الاولياء ١٢ منه) واما في
تاريخ البخاري حدثني عمرو بن علي قال سمعت
عبد الصمد بن عبد الوارث قال سمعت خالد
العبد ضعيف يقول قال الحسن صليت
خلف ثمانية وعشرين بدريا كلهم يقنت
بعد الركوع فقلت من حدثك قال حدثنا
ميمون المرئي فلقيت ميمونا فسالته فقال
قال الحسن مثله قلت من حدثك قال خالد
العبد فقد ذكر البخاري مع ذلك ما يصرح (الذي يظهر مما ذكرنا منه)
بان خالد العبد ممن ترد روايته (لا يكفي حسن روايته ١٢)

تنبیہ

حاصل كلام قتادة في الروايتين ان …

کہا کہ میں نے احمد بن حنبل سے سعید بن مسیب کا حال پوچھا تو کہا کہ سعید
بن مسیب ثقہ ہیں صحابہ سے بہتر نہیں ہیں میں نے کہا سعید کی روایت عمر سے مقبول
ہے انھوں نے فرمایا کہ ہم لوگوں کے نزدیک حجت ہے انھوں نے بیشک عمر کو دیکھا
اور اون سے سنا ہے جبکہ سعید کی روایت عمر سے مقبول ہو تو کسکی روایت مقبول
ہوگی انتہے اور امام حاکم ابو عبد اللہ نیشاپوری نے ذکر کیا کہ سعید نے عمر کو پایا اور
بعد اونکے آخر عشرہ مبشرہ تک کو اور مزی نے کہا خالد بن زید کے ترجمہ میں کہ بدر اور عقبہ میں
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حاضر ہوے اون سے
ابو عمران اسلم تجیبی و سعید بن مسیب نے روایت کی ہے
انتہے اور ان اقوال سے جبکہ عدم سماع کا ثبوت نہیں ہوتا
بلکہ دوسری وجہوں سے اونکی روایت حسن صحیح ثابت ہوتی
تو کیونکر عدم لقا لازم آویگا باوجود اونکے ایسے شرط لازم
کرنیکی اور شیخ المحدثین والصوفیہ شیخ شہاب الدین سہروردی
نے عوارف المعارف میں کہا کہ حسن بصری رض نے کہا کہ میں
نے ستر صحابہ بدری کو پایا ونکا لباس کمل تھا اور بخاری
تاریخ میں کہتے ہیں کہ مجھ سے عمرو بن علی نے بیان کی انھوں نے کہا
کہ میں نے عبد الصمد بن عبد الوارث سے سنا کہ میں نے خالد العبد
ضعیف سے سنا ہے کہتے تھے کہ حسن رض نے کہا کہ اٹھارہ بدریوں کے
پیچھے میں نے نماز پڑھی سب رکوع کے بعد دعاء قنوت پڑھتے تھے
میں نے پوچھا کہ تم نے اسکو کس سے سنا ہے کہا کہ میمون مرئی سے
پس میں میمون سے ملا اور اون سے پوچھا تو کہا کہ ہاں حسن نے ایسا
کہا ہے پھر اون سے پوچھا کہ تجھ سے کس نے بیان کیا کہا کہ خالد العبد نے

حاکم نیشاپوری

عوارف المعارف سہروردی

تاریخ بخاری

ان اباداؤد الاعمی بلقائه البدریین
وغیرهم سائلا یروی عنهم و یقول حدثنا
فلان البدری من حدثنا البراء وحدثنا
زید بن ارقم ولکنه لم یسمع منهم ویدل
علی هذا دلالة بینة قول قتادة لا یعرض
لشئ من هذا ای لا یعتنی بالحدیث ولا یتکلم
فیه والحسن وسعید اکبر من ابی داؤد الاعمی
واکثر اعتناء بالحدیث ومع هذا ما حدثنا
واحد منهما عن بدری مشافهة غیر سعید
عن سعد فکیف یقول ابوداؤد الاعمی
حدثنا فلان وفلان ان لم یقرر معناه هکذا
بل کما قال ان المراد بهذا الکلام
ابطال قول ابی داؤد الاعمی هذا وزعمه
انه لقی ثمانیة عشر بدریا فقال قتادة
الحسن البصری وسعید بن المسیب اکبر
سنا من ابی داؤد الاعمی واجل واقدم
واکثر اعتناء بالحدیث وملازمة اهله والاجتهاد
فی الاخذ عن الصحابة ومع هذا کله ما حدثنا
واحد منهما عن بدری واحد فکیف یزعم
ای غیر سعید عن سعد ۱۲ ش
ابوداؤد الاعمی انه لقی ثمانیة عشر بدریا
هذا بهتان عظیم فلا یدری ارتباط قول

پس تحقیق بخاری نے اسکو ذکر کیا باوجود اس بات کی تصریح کے
کہ خالد العبد نے حسن سے اسکو روایت کیا ہے **تنبیہ** قتادہ کو دونوں
روایتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ ابوداؤد اعمی گمان کرتا ہے کہ اسنے بدری و غیر بدری سے
ملاقات کی اور حدثنا فلان بدری اور حدثنا براء و حدیث
زید ابن ارقم سے روایت کرتا ہے لیکن اوسنے اون سے سنا نہین
ہے اور اسپر قتادہ کا کلام جو تنبیہا کہا ہے صریح دلالت کرتا ہے
کہ اس سے تعرض نہ کیا جاے یعنی اسکی حدیث سے اعتنا
نہ کیا جاوے اور اوس مین کلام نہ کیا جاوے اور حسن بصری اور
سعید بن مسیب ابی ابوداؤد اعمی سے (سن) مین بڑے
ہین اور حدیث اکثر روایت کرتے ہین باوجود اسکے ان مین
سے کسی نے بدری سے بالمواجہہ سوا سعید کے سعد سے روایت
نہین کی پس ابوداؤد کیونکر کہتا ہے حدثنا فلان و فلان
اور اگر یہہ معنی و مطلب ثابت ہو بلکہ جیسا کہ کہا ہے قائل
نے کہ مراد اس کلام سے ابوداؤد کے قول اور اسکے گمان
لقا کا اٹھارہ بدریون سے ابطال ہے قول قتادہ مین کہ
حسن بصری اور سعید بن مسیب ابوداؤد سے بڑے ہین
سن مین اور بزرگ ہین اور روایت حدیث اور
ملازمت صحبت اہل حدیث کی اور کوشش کے صحابہ
سے روایت کرنے مین باوجود ان سب باتون کے بجز ایک روایت
کے ان دونون مین سے کسی نے اور روایت بدری سے مجھے
روایت نہین کی پس ابوداؤد کیونکر گمان کرتا ہے کہ اٹھارہ

قتادة هذا كان سائلاً قبل الجارف ولا يعرض
لشيء من هذا ولا يتكلم فيه بابطال زعم
ابي داؤد الاعمى انه لقي ثمانية عشر بدريا
الا ان عدم اعتنائه بالحديث وعدم تكلمه فيه
وكونه سائلاً قبل الجارف لا يستلزم عدم
لقائه بدريا بل من المعروف عادة ان
الفقراء السائلين يسالون سائر الانام من
الخواص والعوام بل خواص الناس من البدريين
وامثالهم المبالغون في امتثال امر
النبي صلى الله عليه وآله وسلم لا تردوا السائل
اولى بالسوال اياهم من غيرهم رضي الله عنهم
اذ لا ينصبون الحجاب ولا يغلقون الابواب
ولا يمتنعون من لقاء الفقراء فاي مانع من
لقائهم وقال الحافظ ابن حجر في شرح
البخاري في قوله ويروى عن الحسن عن
غير واحد مرفوعا افطر الحاجم والمحجوم
قال علي بن المديني رواه مطر عن الحسن
عن علي وقال جعفر بن محمد بن جعفر بن محمد
في كتاب العروس حدثنا وكيع عن ربيع
عن الحسن عن علي رضي الله تعالى عنه رفعه
من قال كل يوم ثلاث مرات

بدریوں سے ملاقات کی سو یہ بہتان عظیم ہے اس بنا پر داؤد
کے قول کا ابطال بھی نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ اگر بھکاری تھا تو
جارف کے پیشتر اسوجہ سے عدم اعتنا بالحدیث اور اوس میں
کلام نہیں ہے اور اسکا گداگر ہونا قبل طاعون جارف کے
بدریوں کے عدم لقا کو مستلزم نہیں ہے بلکہ یہ بات مشہور ہے
کہ فقرا سائلین خاص و عام لوگوں سے سوال کرتے تھے بلکہ
خواص بدری اور انکے ایسے اور لوگ نہایت مبالغہ
کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تعمیل
حکم میں کہ سائل کو خالی مت پھیرو اون کے
سوال کے مطابق دینا اونکے غیر سے بہتر ہے۔
رضی اللہ تعالے عنہم کیونکہ وہ پردہ و حجاب
دروازوں پر نہیں لگاتے تھے اور سائلین کے
ملنے کو منع نہیں کرتے تھے پھر کون سی چیز اونکی
ملاقات سے مانع ہے۔ اور حافظ ابن حجر فتح الباری میں
تحت قول اور حسن بہت صحابہ سے روایت کرتے ہیں
(جیسے ابو ہریرہ و اسامہ و ثوبان و شداد و علی و معاذ و معقل
بن یسار جیسا کہ معرفۃ بیہقی میں ہے) کہ روزہ کی حالت میں
سینگی لگانیوالے اور لگوانیکا روزہ ٹوٹ گیا لکھتے ہیں کہ
علی بن مدینی نے کہا کہ اسکو مطر نے حسن سے اونھوں نے علی
سے روایت کی ہے اور جعفر بن محمد بن جعفر بن محمد نے کتاب
العروس میں کہا ہے کہ ہمسے وکیع نے اونھوں نے ربیع سے

صلوات الله علی آدم غفر الله له الذنوب
وان كانت مثل زبد البحر اخرجه الديلمي في
مسند الفردوس من طريقه وقال الامام النسائي
ای فی سننه الکبری آیه شر
حدثنا الحسن بن احمد بن حبيب حدثنا
شاذ بن فياض عن عمر بن ابراهيم عن قتادة
عن الحسن البصري عن علي بن ابي طالب رضي الله تعالى
عنه قال ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
قال افطر الحاجم والمحجوم وقال الامام الطحاوي
حدثنا نصر بن مرزوق حدثنا الخصيب حدثنا
حماد بن سلمة عن قتادة عن الحسن عن علي
رضي الله تعالى عنه قال قال رسول الله صلى الله
عليه وآله وسلم اذا كان في الوضوء فضل
فاصابه جائحة فهو مما فيه الحديث
وقال حدثنا ابن مرزوق حدثنا عمرو بن
ابی رزین حدثنا هشام بن حسان عن
الحسن عن علي رضي الله تعالى عنه قال
ليس في مس الذكر وضوء وقال الدارقطني
في كتاب العلل في مسند ابي هريرة
عن حديث الحسن عن ابي هريرة قال قال
رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم افطر
الحاجم والمحجوم فقال بروایة اختلف فيه

اونھون نے حسن سے اونھون نے علی سے روایت کی مرفوعاً کہ
جو شخص دن بھر مین تین مرتبہ صلوات اللہ علی آدم کہے
تو اوسکے کل گناہ بخشے جاتے ہین گو سمندر کے جھاگ کے برابر گناہ
ہوا اوسکو دیلمی نے اپنی سند سے مسند الفردوس مین روایت
کیا ہو اور امام نسائی نے (سنن کبری مین) کہا ہو کہ ہم سے
حسن بن احمد بن حبیب نے حدیث کی اونھون نے کہا کہ ہم سے
شاذ بن فیاض نے بیان کی اونھون نے عمر بن ابراہیم سے
اونھون نے قتادہ سے اونھون نے حسن بصری سے اونھون نے علی بن ابیطالب رض
سے اونھون نے کہا کہ بیشک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ سینگھی لگانیوالے اور لگوانے والے نے افطار کیا اور امام طحاوی نے
کہا کہ ہمسے حدیث کی نصر بن مرزوق نے کہا کہ ہمسے حدیث
بیان کی خصیب نے کہا کہ ہمسے حماد بن سلمہ نے حدیث بیان
کی اونھون نے قتادہ سے اونھون نے حسن سے اونھون نے علی
رضی اللہ تعالے عنہ سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
کہ جب برتن مین پانی ہوا اور اوسکو نقصان پہونچا تو وہ
اوس مین سے ہے آخر حدیث تک اور کہا کہ ہم سے ابن مرزوق
نے حدیث بیان کی اونھون نے کہا کہ ہم سے عمرو بن ابی رزین
نے حدیث بیان کی اونھون نے کہا کہ ہمسے ہشام بن حسان نے
حدیث بیان کی اونھون نے حسن سے روایت کی اونھون نے علی رض
سے کہا کہ ستر کے چھونے مین وضو نہین ہے اور دار قطنی نے کتاب العلل
کے مسند ابو ہریرہ مین کہا کہ حسن سے روایت وہ ابو ہریرہ روایت

علی الحسن فرواه قتادة من رواية سلام ابن
ابی جبیرة عن ابی عروبة عن قتادة عن الحسن
وابو قزعة من رواية ابن جریج عنه ویونس بن
عبید من رواية عبد الوهاب الثقفی ومحمد بن
راشد عن یونس عن الحسن عن علی بن ابی طالب
قاله ابن القوهی عن ابیه عن شعبة عن یونس
الی قوله ورواه مطرف الوراق عن الحسن عن
علی بن ابی طالب قال فی سننه حدثنا عبد الله
بن محمد بن عبد العزیز حدثنا داود بن
رشید حدثنا ابو حفص الابار عن عطاء
بن السائب عن الحسن عن علی رضی الله تعالی عنه
قال فی الخلية والبرية والبتة والبائن
الحرام ثلث لا تحل له حتی تنکح زوجا غیره
رواه ابن ابی شیبة
وقال حدثنا احمد بن محمد بن عبد الله بن
زیاد القطان حدثنا الحسن بن علی بن شبیب
المعمری قال سمعت محمد بن صدران السلمی
حدثنا عبد الله بن میمون المرئی حدثنا عوف
عن الحسن عن علی رضی الله تعالی عنه ان النبی
صلی الله علیه وآله وسلم قال لعلی یا علی قد جعلنا
الیک هذه السبقة بین الناس الحدیث
رواه البیهقی ... فی سننه
وقال حدثنا علی بن عبد الله مبشر ثنا احمد

کرتے ہیں کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ
سینگھی لگانیوالے اور لگوانیوالے نے روزہ افطار کیا پس کہا کہ
حسن کی روایت میں اسناد کا اختلاف ہے قتادہ نے اسکو
سلام بن ابی جبیرہ کی روایت سے اونھوں نے ابی عروبہ سے
